ادارہ

مسافرانِ آخرت

جناب عبدالغفور بھٹی مرحوم:

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم ومخلص کارکن ۔مئی ۲۰۰۶ میں انتقال ہوا۔تقریباً ۴۵ سال مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ رہے۔ایک صحیح العقیدہ اور بہادر مسلمان تھے۔جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے دروس قرآن اور نجی مجالس کے حاضر باش رکن تھے۔ان سے بے پناہ محبت تھی۔صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی عقیدت اور محبت میں فنا تھے۔اور یہ جذبہ حضرت سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ کی صحبت کا فیض تھا۔حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ کے جگری دوست تھے۔احرار میں شامل ہوئے تو پھر آخری سانس تک ثابت قدم رہے۔صوم وصلوٰۃ اور ذکر،اذکار کے پابند ایک متقی انسان تھے۔حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔(آمین)

خواجہ عبدالرحیم صاحب مرحوم:

ممتاز دینی سکالر پروفیسر خواجہ ابوالکلام صدیقی صاحب کے والد ماجد خواجہ عبدالرحیم صدیقی صاحب ۲۹ر جمادی الاوّل ۱۴۲۷ھ مطابق ۲۶ر جون ۲۰۰۶ء بروز پیر ذکرِ الٰہی کرتے ہوئے ملتان میں انتقال کر گئے۔مرحوم ایک صالح، عابد وزاہد اور وضع دار انسان تھے۔انھوں نے اپنی اولاد کی صحیح دینی تربیت کی جو اُن کے لیے توشۂ آخرت ہے۔حق تعالیٰ اُن کی مغفرت اور درجات بلند فرمائے۔(آمین)

جناب رشید مرتضٰی قریشی ایڈووکیٹ مرحوم:

لاہور ہائی کورٹ میں دین اور دینی قوتوں کے حق میں بلند ہونے والی ایک توانا آواز جناب رشید مرتضٰی قریشی ایڈووکیٹ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔مرحوم صرف وکیل ہی نہیں بلکہ دینی علوم کے بھی ماہر تھے۔عربی، فارسی پر عبور حاصل تھا انگریزی پر کمال دسترس تھی۔وہ جب انگریزی بولتے تو الفاظ بم کی طرح برساتے۔ان کی گھن گرج سے ماحول پر سکوت طاری ہو جاتا۔ایوان عدل ہو یا ایوانِ عام، ان کی للکار اور پکار ایک جیسی ہوتی۔ایک بے خوف، بہادر، متقی، صاحبِ علم اور صاحب کردار انسان؛ جس کے بغیر ماحول سُونا سُونا ہے۔وہ اسلام کے سچے شیدائی اور ختم نبوت کے سپاہی تھے۔پاکستان کی ہر دینی تحریک میں نمایاں خدمات انجام دیں۔اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔(آمین)

والدہ مرحومہ قاری ظہور رحیم عثمانی:

مجلس احرار اسلام لیاقت پور کے امیر مولانا قاری ظہور رحیم عثمانی کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔